ilmkidunya

Tarjuma-Tul-Quran-ul-Majeed - 9th Class Tarjmatul Quran Urdu Medium Chapter 8 Preparation

Q1. ہمارے اعملا کا فیصلہ کہاں ہوگا.

Ans 1: ہمارے اعمال کا فیصلہ قیامت کے دن ہوگا.

Q2. حضرت ابراہیم علیہ السلام نے بتوں کے ساتھ کیا سلوک کیا.

Ans 1: حضرت ابراہیم علیہ السلام نے بڑے بت کو چھوڑ کر سب بتوں کے ٹکڑے ٹکڑے کردیے.

Q3. سورہ الفاطر میں کیا واضح کیا گیا ہے.

Ans 1: اس میں یہ واضح کیا گیا ہے کہ اللہ تعالی کا حقیقی ڈر انہیں حاصؔل ہوتا ہے جو علم اور آگہی رکھتے ہیں

Q4. سورۃ ص کے نازل ہونے کا واقعہ مختصر انداز میں بیان کیجیے.

Ans 1: سورۃ ص کے نازل ہونے کا ایک خاص واقعہ ہے-ایک مرتبہقریش کے سردار ﷴ رسول اللہ خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا حضرت ابو طالب کے پاس ایک وفد کی شکل میں آئے اور کہا : اگر ﷴ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے بتوں کو برا کہنا چھوڑ دیں تو ہم ان کے دین پر عمل کرنے کی اجازت دی سکتے ہیں

Q5. اللہ تعالی لوگوں کا راہنما کن کو بناتا ہے.

Ans 1: اللہ تعالی صبر کرنے والوں اور اللہ تعالی کی آیات پریقین رکھنے والوں کو لوگوں کا راہنما بناتا ہے

Q6. سورۃ النمل کے اہم علمی و عملی نکات میں سے دو تحریر کریں

Ans 1: 1- ہماری تمام زہنی و جسمانی صلاحتیں اور دنیا کی تمام نعمتیں اللہ تعالی کا فضل ہیں- 2- دین کی دعوت دینے والوں کو اقرآن مجید کے زریعہ لوگوں کو خبردار کرتے رہنا چاہیے.

Q7. سورۃ یٰسین کے شروع میں کس حصے کو بیان کیا گیا ہے.

Ans 1: سورۃ یسین کے شروع میں رسالت کا بیان کیا گیا ہے.

Q8. سورۃ مریم کی تلاوت سن کر نجاشی نے کیا کہا.

Ans 1: بجاشی نے کہا کہ یہ کلام اور انجیل ایک ہی چراغ کی روشنیاں ہیں.

Q9. سورۃ فاطر کون سی سورت ہے-

Ans 1: سورۃ فاطر مکی سورت ہے

Q10. حضرت محمد خاتم النین صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا کیا حلیہ بیان فرمایا ہے.

Ans 1: آپ خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا. ان کا قد درمیانہ اور رنگ سرخ و سفید تھا. وہ ایسے لگتے تھے جیسے ابھی غسل کرکے باہر آئے ہوں.